# نمونتاً مجموعی قدر پیمائی-1 2023-24

جماعت: ہفتم　　مضمون: اردو　　نشانات: 40　　وقفہ: 90منٹ

## نیلا نقشہ (Blue Print)

| شمار نمبر | اکائیوں کے نام | معلومات | | | تفہیم/ادراک | | | اظہار/اطلاق | | | مدح/مہارت | | | جملہ | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | معروضی | مختصر | تفصیلی | معروضی | مختصر | تفصیلی | معروضی | مختصر | تفصیلی | معروضی | مختصر | تفصیلی | نشانات | سوالات |
| 1 | حمد | 1(1) | | | | 1(2) | | | | | | | | 3 | 2 |
| 2 | بہادر خاتون | 1(1) | 1(2) | | 1(1) | | | | | | | | | 4 | 3 |
| 3 | ماں کا خواب | | | | 1(1) | | | | 1(2) | 1(4) | | | | 7 | 3 |
| 4 | جنگِ آزادی | 1(1) | | | | 1(2) | | | | | | | 1(4) | 7 | 3 |
| 5 | مرغِ اسیر کی نصیحت | | | | 1(1) | 1(2) | | | | | | | | 3 | 2 |
| 6 | اے ٹی ایم | | | | 1(1) | | | | 1(2) | | | | | 3 | 2 |
| 7 | کبوتر | | | | 1(1) | 1(2) | | | | | | | | 3 | 2 |
| 8 | حاتم کی سخاوت | 1(1) | | | | 1(2) | | | | | | | | 3 | 2 |
| 9 | غزل | 1(1) | 1(2) | | | | | | | | | | | 3 | 2 |
| 10 | گدھے کی حجامت | 1(1) | | | 1(1) | 1(2) | | | | | | | | 4 | 3 |
| جملہ | | 6(1) | 2(2) | | 6(1) | 6(2) | | | 2(2) | 1(4) | | | 1(4) | 40 | 24 |
| | | 8 (10) | | | 12 (18) | | | 3 (8) | | | 1(4) | | | | |

نوٹ: قوس کے اندر نشانات اور قوس کے باہر سوالات کی تعداد درج ہے۔

## نمونتاً سوالی پرچہ مجموعی قدرپیمائی-1 2023-24

مدرسہ: سرکاری اردو ہائر پرائمری اسکول-----------

جماعت: ہفتم | مضمون: اردو | نشانات: 40 | وقفہ: 90 منٹ

نام: | رول نمبر: | مورخہ:

**سوال نمبر 1: -**

(A) مناسب الفاظ سے خانہ پری کیجئے۔ 1x4=4

(1) جس نظم میں اللہ کی تعریف بیان کی جاتی ہے اس کو---------------کہتے ہیں۔

(2) حضرت صفیہ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی---------------تھیں۔

(B) درج ذیل الفاظ کے معنی لکھئے۔

(3) اضطراب = --- ----------

(4) فتح = ---------------

**سوال نمبر 2: -**

(A) درج ذیل الفاظ کی جمع لکھئے۔ 1x4=4

(5) طائر + ------------

(6) معاملہ + -------------

(B) درج ذیل الفاظ کے اضداد لکھئے۔

(7) حق X ---- ------------

(8) غریب X -----------------

**سوال نمبر 3: -**

(A) درج ذیل الفاظ کے مؤنث لکھئے۔ 1x4=4

(9) یہودی - --------------

Mohammadzaki Qazi

(10)خادم - ------------

**(B)درج ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے۔**

(11)پیام :- -----------------------------------------------------------------------------------------------

(12) انصاف :- --------------------------------------------------------------------------------------------

**سوال نمبر 4 :- درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھئے۔** 2x10=20

(13) اللہ کی روشنی کہاں کہاں پر ہے؟

--------------------------------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------------------------------

(14) تم قلعہ سے باہر نکلو اور اُس کو قتل کر دو(یہ جملہ کس نے کس سے کہا)؟

--------------------------------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------------------------------

(15) ماں بچے کی جدائی میں کس طرح رہتی تھی؟

--------------------------------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------------------------------

(16) جنگ آزادی میں اردو زبان و ادب نے کیا کردار ادا کیا؟

--------------------------------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------------------------------

(17) طائر نے رہا ہونے کی کیا وجہ بتائی؟

--------------------------------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------------------------------

(18) بینک گاہک کے لئے کن چیزوں کی حفاظت ضروری ہے؟

---------------------------------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------------------------------

(19) اس شعر کا مطلب اپنی زبان میں لکھئے۔ شاہوں کے معرکوں میں ہوتے تھے نامہ بریہ

خود اپنے ہی لہو میں ہوتے تھے تربتر یہ

مطلب: ----------------------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------------------------------

(20) نوفل نے حاتم کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

---------------------------------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------------------------------

(21) میر تقی میر کی آرزو کیا تھی اور ہوا کیا؟

---------------------------------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------------------------------

(22) علی صیقل کا کمال کیا تھا؟

---------------------------------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------------------------------

سوال نمبر 5 : - درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھیے۔ 4x2=8

(23) ماں نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

(24) جنگِ آزادی میں علماء کا کیا کردار تھا؟

# جوابی پرچہ برائے مجموعی قدر پیمائی- 1 2023-24

جماعت: ہفتم مضمون: اردو نشانات: 40

**سوال نمبر 1 :**

(A) (1) حمد

(2) پھوپی

(B) (3) بے قراری

(4) جیت

**سوال نمبر 2 :**

(A) (5) طیور

(6) معاملات

(B) (7) باطل

(8) امیر

**سوال نمبر 3 :**

(A) (9) یہودن

(10) خادمہ

(B) (11) پیام: قرآن کریم اللہ کا پیام ہے۔

(12) انصاف: حضرت عمر ایک انصاف پسند حکمران تھے۔

**سوال نمبر 4 :**

(13) اللہ کی روشنی افق پر، کرن میں، ہر پہاڑ پر، ہر کلی، ہر پھول میں،، چاند سورج ستاروں میں بلکہ تمام زمین وآسمان یں موجود ہے۔

(14) یہ جملہ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا نے حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ سے کہا۔

(15) ماں بچے کی ضدائی میں بے قرار رہے ی تھی اور آنسو بہاتی رہتی تھی۔

(16) جنگ آزادی میں اردو زبان وادب کا کردار بہت اہم رہا کیونکہ رابندر ناتھ ٹیگور، رام پرشاد بسمل، حسرت موہانی اور علامہ اقبال وغیرہ کے کلام نے آزادی کی تحریک کو بڑی تقویت بخشی۔

(17) طائر نے رہا ہونے کی وجہ اپنی ہمت اور صیاد کی غفلت بتائی۔

(18) بینک گاہک کے لئے اپنے اے ٹی ایم کارڈ اور اس کے نجی خفیہ نمبر کی حفاظت ضروری ہے۔

(19) بادشاہ جب جنگ کرتے تو جنگوں کا پیام قاصد کے طور پر کبوتر ہی کے ذریعے بھجواتے جس سے وہ کبھی کبھی اپنے لہو میں لت پت بھی ہوتے تھے۔

(20) نوفل نے حاتم کے ساتھ تواضع و تعظیم کر کے اپنے پاس بٹھایا اور اس کا ضبط کیا ہوا سارا ملک ومال واپس کیا۔ اور اسے قبیلہ ءطے کی سرداری دی۔

(21) میر تقی میر کی آرزو اپنے محبوب کی گلی کی تھی لیکن وہاں سے بھی وہ اپنے لہو میں نہا کر ناکام چل دئے۔

(22) علی صیقل کا کمال یہ تھا کہ وہ اپنے استرے سے لوگوں کے بال آنکھیں بند کر کے مونڈ سکتا تھا

## سوال نمبر 5:

(23) ایک رات ماں سوئی ہوئی تھی اس نے ایک خواب دیکھا اور اس کی بے چینی بڑھ گئی کہ وہ کہیں جا رہی تھی راہ میں سارا اندھیرا چھایا ہوا تھا جس سے راہ کا پتہ نہیں چلتا تھا قدم اٹھانے کے لیے ڈر لگتا تھا کہ کہاں پر میں پیر رکھوں۔ اس کی دہشت ایسی تھی کہ قدم بھی اٹھنے سے قاصر تھے اس نے کچھ حوصلہ کر کے آگے قدم بڑھایا ہی تھا کہ سامنے ایک لڑکوں کی قطار تھی۔ لڑکے زمرد سے کپڑوں میں تھے اور ان کے ہاتھوں میں جلتے ہوئے دیے تھے۔ وہ سب خاموش آگے بڑھ رہے تھے۔ ان کو کہاں جانا تھا یہ ماں جانتی نہیں تھی۔ اسی سوچ میں تھی کہ اس کا بیٹا بھی اس قطار میں نظر آیا جو سب سے پیچھے تھا اور دھیمی رفتار سے چلتا تھا اس کے ہاتھ میں جو چراغ تھا وہ بھی بجھا ہوا تھا۔ ماں اپنے بیٹے کو پہچان کر بولی کہ تم مجھے چھوڑ کر کہاں گئے تھے میں تمہاری یاد میں رات بھر آنسو بہاتی رہی اور تمہیں میری تھوڑی سی بھی پرواہ نہیں ۔ بچے نے ماں کی بے قراری دیکھی منہ پھیر کر کہا کہ تم میری جدائی میں روز روتی ہو جس میں میری کچھ بھی بھلائی نہیں ہے اور دیا دکھا کر کہنے لگا کہ یہ جو میرا چراغ بجھا ہوا ہے تیرے آنسوؤں کی وجہ سے بجھا ہوا ہے اس نظم میں شاعر نے پیغام دیا کہ بچوں کے علم حاصل کرنے کے لیے جو جدائی ہوتی ہے اسے ماں خوشی سے برداشت کرے اور دعا کرے۔

(24) جنگ آزادی میں علماء پیش پیش تھے مولانا محمود الحسن کی ریشمی رومال تحریک نے مسلمانوں میں تحریک آزادی کے لیے جوش وجذبہ پیدا کیا تھا۔ مولانا محمد علی جوہر اور مولانا شوکت علی نے اس تحریک کا ساتھ دیا ۔ اس کے لیے انہیں انگریزوں نے جیل بھیج دیا۔ نوجوان عالم دین وصحافی مولانا ابوالکلام آزاد نے اپنے اخبار الہلال اور البلاغ کے ذریعے ہندوستانیوں کے جذبہ ءآزادی کو ابھارا۔ اس پاداش میں انہیں بھی جیل کی سلاخوں کے پیچھے ڈھکیل دیا گیا۔ اسی طرح بہت سارے علمائے کرام کو شہید بھی کیا گیا۔ کالے پانی کی سزائیں جھیلنی پڑیں۔ تب جا کر ہمیں آزادی ملی ہے۔

زبانی سوالی پرچہ برائے مجموعی قدر پیمائی- 1 جماعت: ہفتم مضمون: اردو

1)شہِ امم اور شہِ ھدیٰ کون ہیں؟

2)غزوہءاحزاب کس نام سے مشہور ہے؟

3)ماں کا خواب نظم کس نے لکھی ہے؟

4)انسان کا پیدائشی حق کیا ہے؟

5)مرغ اور صیاد کے واقعہ سے کیا سبق ملتا ہے؟

6) اے ٹی ایم سے ہمیں کیا کیا فوائد ہیں؟

7) کبوتر کا ٹھکانہ کہاں کہاں ہوتا ہے؟

8)حاتم کی کونسی صفت یا عادت مشہور تھی؟

9)کوئی ناامیدانہ کرتے نگاہ۔۔۔۔اگلا مصرعہ بتائیں۔

10)لکڑہارے کا ساتھی کون تھا؟

زبانی جوابی پرچہ برائے مجموعی قدر پیمائی-1

1) حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

2) جنگ خندق

3)علامہ اقبال

4)آزادی

5) غفلت میں ناکامی اور ہمت میں کامیابی ہے

6) اے ٹی ایم سے ہم جہاں چاہے اور جب چاہے پیسے نکال سکتے ہیں۔

7)میناروں، مسجدوں اور گنبدوں پر

8)سخاوت

9) سو تم ہم سے منہ بھی چھپا کر چلے

10)گدھا